**17.09.2024**
**13.50 Hrs**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں............................شبانہ رحمان
**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھوبنیشور میں اڈیشہ سرکار کی خواتین پر مرکوز اہم اسکیم **Subhadra** یوجنا کا افتتاح کیا۔انہوں نے بنیادی ڈھانچے کے مختلف پروجیکٹوں کا آغاز بھی کیا اور ملک بھر میں **PMAY-Gramin** کے تحت مستفید ہونے والے تقریباً **10** لاکھ افراد کے لئے پہلی قسط جاری کی۔
☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلی میں آٹھویں انڈیا واٹر ویک کا افتتاح کیا۔ انہوں نے پانی کے تحفظ کے مقاصد کے حصول کے لئے عوامی تحریک شروع کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔
☆ عام آدمی پارٹی نے دلی کی نئی وزیر اعلیٰ کے طور پر آتشی کو منتخب کیا ہے۔
☆ انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے آر جی کر میڈیکل کالج اور اسپتال میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کے سلسلے میں کولکاتہ میں مختلف مقامات پر تلاشی لی ہے۔
☆ بُکر پرائز **2024** کے لئے شارٹ لسٹ کئے گئے ناموں کا اعلان کردیا گیا ہے۔ اس کی **55** سالہ تاریخ میں سب سے زیادہ تعداد میں خواتین کو نمائندگی ملی ہے۔
☆ اور بھارتی مردوں کی ہاکی ٹیم آج سہ پہر **Hulunbuir** میں پانچویں ایشیائی چمپئن ٹرافی کے فائنل میں میزبان چین سے مقابلہ کرے گی۔

**Music**
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Visit Odisha**

وزیر اعظم نریندر مودی نے اڈیشہ سرکار کی خواتین پر مرکوز اہم پہل **Subhadra** یوجنا اور ساتھ ہی ساتھ دیگر ریلوے اور قومی شاہراہوں کے پروجیکٹوں کا آغاز کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کو ، جو آج **74** سال کے ہوگئے ہیں، بیجو پٹنائک انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر قبائلی، لوک رقص کے ساتھ روایتی خیر مقدم کیا گیا ، جہاں اُن کے ہزاروں حامیوں نے ، اُن کی سالگرہ پر انہیں مبارکباد پیش کی۔
اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر جناب مودی نے کہا کہ **Subhadra** یوجنا سے خواتین کو بااختیار بنانے میں فروغ حاصل ہوگا اور ہماری ناری شکتی کیلئے مالی طور پر خود انحصاری کو یقینی بنایا جاسکے گا۔
اِس اسکیم کے تحت **21** سال سے **60** سال کی سبھی اہل خواتین کو پانچ سال کی مدت کے دوران **50** ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ توقع ہے کہ اِس پہل کے تحت ایک کروڑ سے زیادہ خواتین کا احاطہ کیا جائے گا۔ وزیر اعظم نریندر

مودی اپنے دورے کے دوران، 25 لاکھ 11 خواتین کے بینک کھاتوں میں ایک ہزار 250 کروڑ روپے کی رقم منتقل کی۔ اِس سے پہلے، جناب مودی نے بھوبنیشور میں Gadakana کے مقام پر ایک کچی بستی کا دورہ کیا اور پردھان منتری آواس یوجنا (شہری) کے 20 مستفیدین کے ساتھ بات چیت کی۔ انہوں نے یوجنا کے تحت تعمیر کئے گئے مکانوں کی چابیاں بھی ، اُن کے سپرد کیں۔

وزیراعظم، 2 ہزار 800 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ریلوے پروجیکٹوں کا بھی سنگِ بنیاد رکھا اور انہیں ملک کے نام وقف کیا۔ جناب مودی نے 14 ریاستوں کے تقریباً 10 لاکھ مستفیدین کو پردھان منتری آواس یوجنا- گرامین کے تحت تین ہزار 180 کروڑ روپے کی پہلی قسط بھی جاری کی۔x

## PM Vishkarma

وزیراعظم نریندر مودی نے وشو کرما جینتی کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے تعمیراتی اور تخلیقی شعبوں سے وابستہ ہنر مند اور محنت کش دستکاروں اور تخلیق کاروں کو سلام پیش کیا۔ وزیر اعظم نے، اِس اعتماد کا اظہار کیا کہ اُن کا تعاون ترقی یافتہ اور خودکفیل بھارت بنانے کے عزم کو پورا کرنے میں غیر معمولی ثابت ہوگا۔x

## Prez Water Week

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پانی کے تحفظ، بہتر انتظام اور تقسیم کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے عوامی تحریک شروع کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ آج نئی دلی کے بھارت منڈپم میں آٹھویں بھارت واٹر ویک کا افتتاح کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے پانی کو محفوظ کرنے اور اس کے استحکام جیسے معاملات حل کرنے کی خاطر متحدہ کوششوں کی اہمیت پر زوردیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آبی ذخائر کے انتظامات سے متعلق قدیم روایتی طریقے موجود ہیں جو آج جدید طرز پر اپنائے جاسکتے ہیں۔ صدر جمہوریہ مرمو نے کہا کہ بھارت کے قدیم صحیفوں میں ہزاروں سال پہلے پانی کو محفوظ کرنے کے بارے میں ذکر کیا گیا تھا۔ صدر جمہوریہ نے جل جیون مشن کے بارے میں بھی بتایا جس سے پورے ملک میں پانی کی تقسیم میں بہتری آئی ہے۔

## Prez VP - PM Birthday

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے وزیر اعظم نریندر مودی کو ، اُن کے 74 ویں یومِ پیدائش پر مبارکباد پیش کی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ جناب مودی نے اپنی شخصیت اور کام کے ذریعے ملک کے وقار اور خوشحالی میں اضافہ کیا ہے۔

صدرِ جمہوریہ نے یہ بھی دعا کی کہ اُن کی اختراعی کوششوں اور 'ملک پہلے' کے نظریے کے ساتھ بھارت مزید ترقی کرے گا۔

نائب صدر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ دو دہائیوں میں اپنی گورننس کے ذریعے اور ایک دہائی میں وزیر اعظم کے طور پر ، انہوں نے ملک کے وقار کو جلاء بخشی ہے۔x

**Shah PM Birthday**

داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے وزیراعظم نریندر مودی کو، اُن کے 74ویں یوم پیدائش پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب شاہ نے کہا کہ وزیراعظم کی سخت محنت، ثابت قدمی اور دور اندیشی کی بدولت عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی آئی ہے۔
مرکزی وزیر نے ، یہ بھی کہا کہ جناب مودی نے ملک کے وقار میں اضافہ کیا ہے اور دنیا میں ایک نمایاں مقام دلایا ہے۔ جناب شاہ نے، اُن کیلئے اچھی صحت اور طویل عمر کی دعا کی۔x

**Delhi CM**

عام آدمی پارٹی لیڈر آتشی دلی کی نئی وزیر اعلیٰ ہوں گی۔ انہیں آج نئی دلی میں پارٹی MLA's کی میٹنگ کے دوران عآپ قانون ساز پارٹی کی لیڈر کی حیثیت سے منتخب کیا گیا۔
دو دن قبل جیل سے باہر آنے کے بعد دلی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال نے اعلان کیا تھا کہ وہ اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیں گے۔
جناب کیجریوال کا اپنا استعفیٰ پیش کرنے کے لئے آج شام دلی کے لیفٹیننٹ گورنر وی کے سکسینہ سے ملاقات کا پروگرام ہے۔x

**Shah 100 Days**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ نریندر مودی سرکار نے ملک کے سکیورٹی نظام کو مضبوط کیا ہے اور ایک محفوظ بھارت بنانے میں مدد کی ہے۔ نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ پچھلے 10 سال میں ملک کو ترقی کی راہ پر لے جانے کے لئے سرکار نے متعدد اقدامات کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت کی تیسری مدت کے 100 دن کے دوران 15 لاکھ کروڑ روپے کے پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی۔ جناب شاہ نے بتایا کہ جہاں تک بنیادی ڈھانچے کا تعلق ہے تو سرکار نے اِسی مدت میں تین لاکھ کروڑ روپے کے پروجیکٹوں کا اعلان کیا ہے اور اُن پر نفاذ بھی شروع ہوچکا ہے۔
وزیر داخلہ نے کہا کہ وزیر اعظم مودی قومی تعلیمی پالیسی لے کر آئے ہیں جس میں ملک کے قدیم روایتی تعلیمی نظام اور جدید تعلیم کا امتزاج ہے جسے ملک کی علاقائی زبانوں کی عزت افزائی ہوتی ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ حکومت کی میک اِن انڈیا پہل کی بدولت بھارت ، پوری دنیا میں ایک پسندیدہ پروڈکشن ہَب بن گیا ہے۔ x

**Rajnath - 100 Days**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کہا ہے کہ حکومت دفاع کے شعبے میں بھارت کو خودکفیل بنانے کے تئیں عہد بستہ ہے۔ نریندر مودی حکومت کے 100 دن کی ستائش کرتے ہوئے، جناب سنگھ نے کہا کہ وزارت نے پچھلے تین ماہ میں ایک لاکھ پچاس ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی دفاعی اشیاء کی خریداری کو منظوری دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ملک میں ہی تیار کردہ اشیاء کی فہرست میں 501 سے زیادہ اشیاء کو شامل کیا ہے۔
حکومت کی نکتہ چینی کئے جانے کے اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی کے تعلق سے پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں جناب سنگھ نے کہا کہ کانگریس لیڈر کی کوئی معتبریت نہیں ہے۔

انہوں نے الزام عائد کیا کہ جناب گاندھی دیگر ممالک جاتے ہیں اور ملک کی شبیہہ بگاڑنے کی کوشش کرتے ہیں، جو ایک المیہ ہے۔ x

## WB RG Kar

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ - ای ڈی ، RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کے سلسلے میں آج کولکاتہ میں مختلف مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی ہے۔ ترنمول کانگریس کے MLA اور RG Kar روگی کلیان سمیتی کے چیئرمین Sudipto Roy کے شہر میں واقع گھر اور نرسنگ ہوم کی بھی تلاشی لی گئی ہے ۔ ہاوڑہ اور ہبلی ضلعوں میں مختلف جگہوں پر بھی تلاشی کی کارروائیاں انجام دی گئی ہیں۔x

## SC RG Kar

سپریم کورٹ نے آج RG Kar میڈیکل کالج معاملے کی سماعت پھر سے شروع کی ہے۔ عدالت عالیہ نے کولکاتہ کے RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال میں پچھلے مہینے ایک جونیئر ڈاکٹر کی مبینہ آبروریزی اور قتل کے معاملے میں از خود سماعت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

تین ججوں پر مشتمل ایک بینچ، جس کی سربراہی بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کررہے ہیں، 9 ستمبر کو مغربی بنگال میں احتجاج کرنے والے ڈاکٹروں کو ہدایت دی تھی کہ وہ اپنی ڈیوٹی پر واپس آجائیں۔ بینچ نے CBI سے ایک تازہ Status رپورٹ بھی مانگی ہے۔

اِس پینل نے ، جس میں جسٹس جے بی Pardiwala اور منوج مشرا بھی شامل ہیں، مغربی بنگال پولیس کو یہ بھی ہدایت دی ہے کہ وہ متاثرہ کی پوسٹ مارٹم رپورٹ کے حوالے سے دستاویز بھی جمع کرائے۔x

## BOOKER PRIZE 2024

Booker Prize 2024 کے لیے شارٹ لسٹ کیے گئے ناموں کا اعلان کردیا گیا ہے۔ اس کی 55 سالہ تاریخ میں سب سے زیادہ تعداد میں خواتین کو نامزد کیا گیا ہے۔ شارٹ لسٹ ناموں کی فہرست میں خواتین کے زمرے میں انعام حاصل کرنے والی سابق فاتح Anne Michaels ، امریکی مصنف Percival Everett اور برطانوی مصنفہ Samantha harvey شامل ہیں۔ شارٹ لسٹ کئے گئے چھ افراد میں پانچ خواتین ہیں جن کا تعلق پانچ الگ الگ ملکوں سے ہے۔ نیدرلینڈس کو پہلی بار نمائندگی حاصل ہوئی ہے۔

## Naval Commandes Conference

بحریہ کے کمانڈروں کی دوسری کانفرنس 2024 آج نئی دلی میں شروع ہو گئی ہے۔ یہ کانفرنس ایک اعلیٰ سطح کی دو سالہ تقریب ہے، جو بحریہ کے کمانڈروں کے مابین اہم اسٹریٹیجک، کارروائی جاتی اور انتظامی امور سے متعلق تبادلہ خیال کا موقع فراہم کرتی ہے۔ یہ کانفرنس جو کہ تبدیل ہوتی ہوئی جغرافیائی اور سیاسی صورتحال اور جغرافیائی و اسٹریٹیجک اہمیت کے حامل واقعات، علاقائی چیلنجوں اور مغربی ایشیا میں بحری سلامتی کی صورتحال سے متعلق پیچیدگی کے پس منظر میں ہو رہی ہے، بحریہ کے مستقبل کا لائحہ عمل کو تشکیل دینے میں اہم رول ادا کرے گی۔

کانفرنس کے دوران، توقع ہے کہ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ جمعرات کو قومی سلامتی اور قومی توقعات سے متعلق معاملات

پر بحریہ کے کمانڈروں سے خطاب کریں گے۔

**Hockety Asian Championship**

آج چین کے **Hulunbuir** میں مردوں کی ایشیائی چیمپئنز ٹرافی ہاکی **2024** کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ میزبان چین سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ بھارتی ہاکی ٹیم اپنے ریکارڈ کو مزید بہتر کرنا چاہے گی اور ایشیائی چیمپئنز ٹرافی کو پانچویں مرتبہ حاصل کرنے کے ارادے سے میدان میں اترے گی۔
بھارتی ٹیم کل جنوبی کوریا کو سیمی فائنل میں شکست دے کر فائنل میں پہنچی ہے۔
بھارتی ہاکی ٹیم نے، اِس ٹورنامنٹ میں ابھی تک کوئی میچ نہیں ہارا ہے۔**x**

☆☆☆